سوال

(134) نماز عید کا وقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عید کا وقت

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز عید کا وقت طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد شروع ہوجاتا ہے اور زوال آفتاب سے پہلے ختم ہوجاتا ہے۔ چنانچہ صحابی رسول حضرت عبد اللہ بن بسر رضی اللہ عنہ عید پڑھنے کےلیے تشریف لائے تو امام کے تاخیر کردینے کو انھوں نے ناپسند کیا اور فرمایا کہ ہم تو اس وقت فارغ ہوچکے ہوتے تھے یعنی اشراق کے وقت[1] اس لیے نماز عید کی ادائیگی میں زیادہ تاخیر مناسب نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیگر امور کی نسبت نماز عید سب سے پہلے ادا کرتے تھے، عید الاضحی کو اول وقت میں ادا کرنا چاہیے تاکہ قربانی کےلیے کھلا وقت مل جائے۔

---

[1] ابوداؤد، الصلوة: ۱۱۳۵۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:153

محدث فتویٰ